Ontario

وزارت صحت

کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے بعد کیا کرنا ہے

ورژن 2.0 مارچ 29، 2021

مجھے اگلے چند دنوں میں کس چیز کی توقع کرنی چائیے؟

- عام ضمنی اثرات میں شامل ہیں درد، جِلد سرخ ہونا، سوئی لگنے والی جگہ پر سوجن، تھکاوٹ، سردرد، عضلاتی درد، ٹھنڈ لگنا، جوڑوں کا درد اور ہلکا بخار۔
- سنجیدہ ضمنی اثرات بہت کم ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو ویکسین لگنے کے تین دن کے اندر مندرجہ ذیل منفی رد عمل پیدا ہو جائیں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس پریکٹیشنر کو کال کریں یا قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جائیں: پھوڑے پھنسیاں، آپ کے چہرے یا منہ پر سوجن، سانس لینے میں دشواری، بہت پیلا رنگ اور شدید غنودگی، بلند بخار (40°C سے زیادہ) ، اینٹھن یا دورے پڑنا یا دیگر کوئی سنگین نوعیت کی علامات (مثلًا "سوئیاں چبھنے کا احساس"یا سُن ہو جانا)
- ایسٹرا زینیکا/کوویشیلڈ ویکسین سے ایک بہت شازو نادر نوعیت کا ضمنی اثر ہو سکتا ہے، جسے Vaccine-Induced Prothrombotic Immune Thrombocytopenia (VIPIT) کہتے ہیں۔ اگر آپ کو ویکسین لگنے کے بعد مندرجہ ذیل علامات میں سے کسی کا تجربہ ہوتا ہے، تو براہ کرم فوری طور پر طبی امداد حاصل کریں: سانس اکھرنا، سینے میں درد، بازو یا ٹانگ میں سوجن یا سردی لگنا، پیٹ میں مسلسل درد، سر درد یا دھندلے پن کی شدت میں اضافہ یا ایک سے زیادہ چھوٹے زخم، سرخ یا جامنی رنگ کے دھبے یا جلد کے نیچے خون کے چھالے۔

کیا مجھے پھر بھی کوو-19 کے عوامی حفاظتی اقدامات پر عمل کرنا ہو گا؟

- کووڈ-19 کے خلاف آپ کے تحفظ کے حوالے سے ویکسین ایک اضافی طریقہ ہے۔ کووڈ-19 ویکسین کی ہر خوراک کے بعد آپ کو کووڈ-19 کے حفاظتی اقدامات پر عمل کرنا چاہیے، مثلًا ماسک پہننا، جسمانی دوری کا خیال کرنا اور اپنے ہاتھ دھونا۔
- کووڈ-19 کی علامات پر نظر رکھیں اور اگر علامات ظاہر ہوں، تو ٹیسٹ بھی کرائیں۔

ویکسین کی دوسری خوراک لگوانے کے لے مجھے کیوں واپس آنا چاہیے؟

- مکمل تحفظ کے حصول کے لیے آپ کو ویکسین کی دو خوراکوں کی ضرورت ہو گی۔ اگر یہ آپ کی کووڈ-19 کی پہلی خوراک ہے، تو کلینک یا بکنگ سسٹم کے ہدایات کے مطابق دوسری خوراک لگوانا یقینی بنائیں۔ اپنی دوسری اپوائنٹمنٹ پر، آپ کو آج ملنی والی پرنٹ شدہ رسید اپنے ساتھ لائیں۔